تفسیر معارف القرآن (تکملہ)

تالیف

حضرت مولانا محمد مالک کاندھلوی رحمۃ اللہ علیہ

اور

شیخ التفسیر والحدیث حضرت مولانا الحافظ محمد ادریس صاحب کاندھلوی

رحمۃ اللہ علیہ رحمۃ واسعۃ شیخ الحدیث جامعہ اشرفیہ لاہور

جلد ہشتم مشتمل بر تفسیر پارہ ۲۸ ۲۹ ۳۰

بہ ترجمہ حقیقت نگاہ معارف پیچ و معارف بقلم حضرت شاہ عبدالقادر بن شاہ ولی اللہ دہلوی قدس اللہ سرہما

شائع کردہ

مکتبۃ المعارف

دار العلوم حسینیہ شہداد پور

سندھ، پاکستان

باہتمام: مکتبہ عثمانیہ بیت الحمد ۲۵۳ مہران بلاک علامہ اقبال ٹاؤن لاہور

بسم اللہ الرحمن الرحیم

قال اللہ تعالیٰ اِنَّ عَلَیْنَا جَمْعَهٗ وَقُرْاٰنَهٗ فَاِذَا قَرَاْنٰهُ فَاتَّبِعْ قُرْاٰنَهٗ ثُمَّ اِنَّ عَلَیْنَا بَیَانَهٗ

الحمد للہ ولہ المنۃ کہ دریں زمان میمنت اقتران تفسیر سراپا تنویر گنجینۂ حقائق ومعارف
خزینۂ اسرار ولطائف کشاف مشکلات قرآنیہ ووصاف مخدرات فرقانیہ

مسمّٰی بہ

معارف القرآن (تکملہ)

تالیف: حضرت مولانا محمد مالک کاندھلوی رحمۃ اللہ علیہ

ابن

شیخ التفسیر والحدیث حضرت مولانا الحافظ محمد ادریس صاحب کاندھلوی

رحمۃ اللہ علیہ رحمۃً واسعۃً شیخ الحدیث جامعہ اشرفیہ لاہور

جلد ہشتم مشتمل بر تفسیر پارہ (۲۸) (۲۹) (۳۰)

بہ ترجمہ حقیقت آگاہ معارف پناہ عارف باللہ حضرت شاہ عبد القادر بن شاہ ولی اللہ دہلوی قدس اللہ اسرارہما

شائع کردہ

مکتبۃ المعارف

دار العلوم الحسینیہ شہداد پور

سندھ، پاکستان

نام کتاب :- معارف القرآن جلد ۸

نام مصنف :- حضرت مولانا محمد مالک کاندھلوی رح ابن حضرت مولانا محمد ادریس کاندھلوی رح

مکمل سیٹ :- ۸ جلد

صفحات جلد ۸ ۶۰۰

کتابت متن قرآن کریم : خطاط القرآن حضرت سید محمد اشرف علی الحسینی سیالکوٹی رحمۃ اللہ علیہ

کتابت سرورق :- سید انیس الحسن ابن سید الخطاطین سید نفیس الحسینی دامت برکاتہم العالیہ لاہور

کتابت ترجمہ و تفسیر :- سید عصمت اللہ، سید جعفر حسین، سید ضیاء اللہ گوجرانوالہ

تعداد طبع اول :- سنہ ۱۴۱۹ھ ۱۱۰۰ (گیارہ سو)

تعداد طبع دوم :- سنہ ۱۴۲۲ھ

پریس : القادر پرنٹنگ پریس کراچی

ناشر :- مکتبہ المعارف دارالعلوم حسینیہ شہدادپور سندھ پاکستان

فون ۴۲۲۷۶ - ۴۱۳۷۶ (۰۲۲۳۲)

ملنے کے پتے

کراچی :- صدیقی ٹرسٹ، صدیقی ہاؤس۔ المنظر اپارٹمنٹس ۴۵۸ گارڈن ایسٹ
نزد سبیلہ چوک کراچی۔ پوسٹ کوڈ نمبر ۷۴۸۰۰

لاہور :- مکتبہ عثمانیہ بیت الحمد ۳۵۳ مہران بلاک علامہ اقبال ٹاؤن لاہور

شہدادپور :- مکتبہ المعارف دارالعلوم حسینیہ شہدادپور ضلع سانگھڑ سندھ پاکستان پوسٹ کوڈ ۶۸۰۳۰

اھم نوٹ

ہم نے اس کتاب کی تصحیح میں حتی الوسع کوشش کی ہے پھر بھی ممکن ہے کوئی غلطی رہ گئی ہو۔ لہٰذا تمام قارئین سے التماس ہے کہ اگر کہیں غلطی پاویں تو براہِ راست ہمیں اطلاع دیں تاکہ آئندہ اشاعت میں اسے درست کیا جاسکے، اللہ تعالیٰ اس کا اجر آپ کو عطا فرمائیں گے۔

خط و کتابت کیلئے :- مکتبہ المعارف دارالعلوم حسینیہ شہدادپور پوسٹ کوڈ ۶۸۰۳۰

علم و حکمت اور عقل و فراست ہے کون عاقبت اندیش ہے اور کس کی عقل ماری گئی ہے جس کی وجہ سے وہ پاگلوں جیسی باتیں اور حرکتیں کرتا ہے بلا شبہ آئندہ کی تاریخ اسکا فیصلہ کر دے گی بے شک آپ کا رب ہی خوب جانتا ہے اسکو کہ جو بھٹکا ہوا ہے اسکے راستہ سے اور وہی خوب جانتا ہے ان کو بھی جو راہ راست پر ہیں اس کا علم ہر عمل اور ہر عامل کو محیط ہے اس وجہ سے ہدایت اور نیکی پر چلنے والوں کا انجام فلاح و کامیابی اور عزت و غلبہ ہوگا اور گمراہوں کا انجام ہلاکت و تباہی ہے کفار و مشرکین تو اسی کوشش میں لگے رہیں گے کہ آپؐ دعوت و تبلیغ کے معاملہ میں انکی کچھ رعایت کریں اور کفر و گمراہی اور معبودانِ باطلہ کے رد میں سخت رویہ کو ترک کر دیں۔ جس کا نتیجہ ظاہر ہے یہی ہو سکتا ہے کہ حق و باطل اور توحید و شرک میں امتیاز ہی ختم ہو جاتے گا اس لیے آپ کو تاکید ہے ہرگز ان جھٹلانے والوں کی بات نہ مانیئے وہ تو یہ چاہتے ہیں کہ آپ نرمی اختیار کر لیں تو پھر وہ بھی آپ کے ساتھ نرمی برتیں ہرگز آپؐ ایسا نہ کریں۔ انکو نرمی اور خوش خلقی کی طمع میں احقاق حق اور تردید باطل میں کسی طرح کی نرمی اور کمزوری مقامِ رسالت کے ساتھ زیب نہیں دیتی ایمان و حق پرستی کا تقاضا یہی ہے کہ حق کی آواز بلا جھجک کے بلند کی جائے دشمن خواہ سختی اختیار کریں یا بُرا بھلا کہیں اہل باطل کی خوشنودی کی طرف مائل ہونا کسی بھی حق پرست کے لیے قابل برداشت بات نہیں ہے اور آپ ہرگز بات نہ مانیں کسی ایسے شخص کی جو خوب قسمیں کھانے والا حقیر و ذلیل انسان ہو۔ طعن و تشنیع کرنے والا ہو چغل خوری کرتا پھرتا ہو ہر بھلے کام سے لوگوں کو روکتا ہو حد سے زیادہ سرکش بڑا ہی گناہگار ہو نہایت ہی بدخو و بے ہودہ ان سب باتوں کے بعد بدنام* رسوائے زمانہ بھی ہو یہ (اس شخص کا غرور و تکبر اور سرکشی اور ہر خیر سے لوگوں کو روکنا) اس وجہ سے تھا کہ وہ بہت مالدار اور بیٹوں والا تھا وہ اپنی سرکشی اور غرور میں اس حد تک پہونچا کہ جب اس کے سامنے ہماری آیتیں تلاوت کی جائیں تو کہے یہ تو پہلے گزرے ہوتے لوگوں کی کہانیاں ہیں اس مغرور و متکبر کو اس بات کا احساس تک نہ رہا کہ دنیا میں کسی شخص کا دولت مند یا صاحب اولاد ہونا اس بات کی دلیل نہیں کہ اسکی بات حق ہے اور وہی کامیاب بھی ہے اصل عزت و کامیابی تو انسان کے اخلاق و عادات اور کردار کی خوبی اور شرافت و خوش اسلوبی پر موقوف ہے تو ظاہر ہے کہ ایسے ابلہ فریب انسان کی باتوں کی طرف نہ کوئی التفات کرنا چاہیئے اور نہ ہی اس سے متاثر ہونا چاہیئے۔

---

* رسوائے زمانہ اور "بدنام" لفظ "زنیم" کا ترجمہ ہے جس کو حضرت شیخ الہندؒ نے اپنے ترجمہ میں اختیار فرمایا بعض حضرات سلف اور اہلِ لغت نے زنیم کے معنی ولد الزنا اور "حرام زادے" کے کیئے ہیں اور جس کافر کے بارہ میں یہ آیات نازل ہوئیں وہ اہل مکہ میں اسی حیثیت کے ساتھ معروف تھا اور وہ ولید بن مغیرہ تھا۔ ۱۲